پندرہ روزہ
الہلال
ٹورانٹو - کینیڈا
قیمت ۵۰ سینٹ
بیرونِ وطن پاکستانیوں کا ترجمان - شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار
۴ رشوال ۱۴۰۹ھ
۲۵ رمئی ۱۹۸۹ء
جلد نمبر ۱
شمارہ نمبر ۷

کراچی کے شہری توڑ پھوڑ کرنیوالوں کے ہاتھ کاٹ دیں : غوث علی شاہ

حالات بہتر بنانے کے لیے توڑ پھوڑ، جلاؤ گھیراؤ کرنے والوں پر کڑی نظر رکھنا ہوگی۔ مسائل کے حل کے لیے جوش کی نہیں ہوش کی ضرورت ہے

مکمل سول حکومت بہت جلد قائم ہو جائیگی ہم پوری طرح کوشاں ہیں : وزیر اعظم جونیجو

میں پہلے ہی کہہ چکا ہوں کہ مارشل لاء اور سول حکومت ساتھ نہیں چل سکتے

پارلیمنٹ میں ہر طرف کے ساتھ صلاح و مشورے کرنا میری حکومت کی پالیسی ہے

وزیر اعظم محمد خان جونیجو

کراچی کو پاکستان کا دل کہنے والے اس سے محبت بھی کریں

شہر کی امن و سلامتی کے لیے جان کی قربانی دینے سے بھی گریز نہیں کرنا چاہیے

"ملائیت، فوجی بیوروکریسی اور غیر ملکی طاقتوں کا قبضہ ختم کیا جائے"

سکندر حیات نے آزاد کشمیر کے وزیر اعظم کے عہدہ کا حلف اٹھالیا

کابینہ عید الفطر کے بعد بنے گی، اسمبلی کا اجلاس طلب کرلیا گیا،

میں جمہوریت کی بقاء کے لیے خلوص دل سے کام کروں گا : سکندر حیات

سردار سکندر حیات

ملک میں لال آندھی آنے کی دراڑ سے

سیاچن گلیشیر پر بھارتی دعویٰ غلط ہے یہ پاکستانی علاقہ ہے : صاحبزادہ یعقوب

اس علاقہ میں موجود مسائل کے ذریعہ سے متعدد و تعداد میں قومی اسمبلی میں خطاب

ملک کے سیاسی نظام میں فوج کا کوئی کردار نہیں ہونا چاہیے۔ مولانا انصاری

پارلیمانی نظام برطانیہ کے سوا کہیں کامیاب نہیں رہا۔ ہمارے لئے اسلامی نظام موزوں ہے

چڑیا گھر میں جانور مر رہے ہیں اور انسان پل رہے ہیں

جانوروں کو باسی گوشت دیا جاتا ہے۔ بلدیہ کے اجلاس میں گرما گرم بحث

سندھ اسمبلی نے فوجی مارشل لاء کے خاتمہ کی قرارداد منظور کر لی

ملک بھر میں یوم القدس منایا گیا

مختلف شہروں میں جلوس نکالے گئے

پاکستان میں کلاشنکوف کی اسمگلنگ



Now, MAKE PLANS to renovate.

گھر میں نئے حصوں کی تعمیر اب پہلے سے آسان ہے۔

اپنی بڑھتی ہوئی ضروریات کے لحاظ سے گھر کے تعمیری اضافوں کے بارے میں ابھی سے منصوبہ بنانا شروع کر دیجیے۔ خواہ آپ کو اپنے گھر میں اضافی جگہ کی ضرورت ہو، مزید سہولت چاہیے یا پھر گھر کی موجودہ حالت کو بہتر بنانا ہو تو RENOVATION سب سے بہتر، قابل عمل اور پر کفایت طریقہ ہے جس سے گھر زیادہ آرام دہ بن جاتا ہے اور صوبے میں لوگوں کے لیے ملازمت کے مواقع نکل آتے ہیں۔

حکومت انٹاریو نے RENOVATION کو آسان اور مالکین مکان کے لیے زیادہ قابل توجہ بنا دیا ہے۔ بلڈنگ کوڈ میں ایک خاص سیکشن کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔ اور مالی سہولتوں کے لیے RENOLOAN کی طرح کی امداد مہیا کی گئی ہے اور RENOVATION کے لیے منصوبہ بنانے میں آپ کی مدد کے لیے انٹاریو رینوویشن انفارمیشن سنٹر کھولا گیا ہے۔

اگر آپ کے گھر کو بہتر بنانے کے لیے کوئی گنجائش ہو تو ہم سے رابطہ قائم کیجیے۔ پتہ یہ ہے:

Ontario Renovation Information Centre, 16 Howland Road, Toronto, M4K 2Z6

ONTARIO RENOVATION INFORMATION CENTRE
16 Howland Road,
Toronto, M4K 2Z6

Ministry of Municipal Affairs and Housing
Ontario

مزاری، اصغر خان، پیر پگارا اور نسیم ولی خان مارشل لا لگوانے میں شریک تھے

منصوبہ یہ تھا کہ الیکشن کے بعد اصغر خان کو وزیر اعظم بنا دیا جائے گا

ایک امریکن نے احترام الحق سے کہا کہ اصغر خان کی پارٹی میں شامل ہو جاؤ وہ وزیر اعظم ہوگا۔

راؤ عبدالرشید کے انٹرویو پر مشتمل منیر احمد منیر کی کتاب کا آخری حصہ

> بھٹو نے مجھے کہا :
> جنرل چشتی بڑھ بڑھ کر
> بول رہا ہے ،
> اس کی خبر رکھو !

> اصغر خان نے سینے پر
> ہاتھ رکھ کر کہا ،
> "معاہدہ نہ کرو ،
> میں ۹۰ دن میں انتخابات
> کرا دوں گا ...."





حجاج کرام کی سہولت کے لئے عبدالعزیز خوقیر ہوٹل کے ساتھ آرام دہ قیام و طعام کا انتظام کیا ہے۔ زندگی کے یہ نادر لمحات اللہ سبحانہ تعالیٰ کی عبادت میں مکمل یکسوئی کے ساتھ گزاریں۔

مزید معلومات کے لئے اپنے نزدیک ترین ٹریول ایجنٹ، سعودیہ یا اسلامک ایجنسی ایسوسی ایشنز سے رابطہ قائم کریں یا ہم سے براہ راست معلومات حاصل کریں۔

NK Ltd
90 Regent Street, London W1R 5AP &
Venture House, 29 Glasshouse Street, W1.
International Business Centre - Reception - First floor

Telephone: 01-734 6080 Telex: 296146 RECENT G

IATA

حج بیت اللہ شریف

حج بیت اللہ شریف کے لئے بروقت اور سستے ترین ٹکٹ

حاصل کرنے کیلئے ہماری خدمات سے فائدہ اٹھائیں

ہمارا مشورہ اور آپ کی بچت

دنیا کے کسی بھی ملک کے لئے ٹکٹ خریدنے سے قبل ہم سے مشورہ ضرور کریں۔

WORLD WIDE

پی آئی اے کے واحد منظور شدہ ایجنٹ

Cumberland Travels Ltd

50 Cumberland Street
Toronto, Ontario
Canada M4W 1J5
Phone: (416) 922-5339

Complete Collision Service

- WE DO INSURANCE CLAIMS
- SPECIAL ON COMPLETE PAINT 399.00
- FREE PIN STRIPING ETC.

EXPIRES ON AUGUST 31, 85



CALL
MOHAMMAD MUNIR
759-5810
(Res: 266-6428)

M & D
AUTO BODY REPAIR
260 MIDWEST RD., UNIT 5
SCARBOROUGH, ONT. M1P 3B4

City of Toronto

ٹورانٹو شہر کے جائیداد کا ٹیکس دینے والوں کے لیے اہم اطلاع

اب تک آپ کو ۱۹۸۵ء کے ٹیکس کا آخری بل مل چکا ہوگا۔ اگر نہیں ملا ہو تو 947-7115 پر فون کیجئے یا

TAX COLLECTOR, CITY HALL,
TORONTO, M5H 2N2

کے پتہ پر خط لکھئے یا پھر جلد سے جلد سٹی ہال کے ٹیکس انفارمیشن کاؤنٹر پر جا کر خود معلومات حاصل کیجئے۔

یاد رکھیئے کہ اگر آپ کو ٹیکس کا بل نہ بھی ملے تو آپ اس کی ادائیگی کے ذمہ دار ہیں۔ ۱۹۸۵ء کے جائیداد ٹیکس کی آخری چار قسطیں ۱۷ جون، ۱۵ جولائی، ۱۵ اگست اور ۱۶ ستمبر تک واجب الادا ہیں۔

آپ سٹی ہال میں ہر کام کے دن صبح ۸:۳۰ بجے سے شام ۴:۳۰ بجے تک ٹیکس ادا کر سکتے ہیں یا کسی بھی چارٹرڈ بینک میں رقم جمع کر سکتے ہیں۔ یا بذریعہ ڈاک سٹی ہال بھی بھجوا سکتے ہیں۔ چیک بنام ٹریژرر سٹی آف ٹورانٹو لکھیئے۔

ٹیکس وقت پر ادا کرنا یاد رکھیئے۔ آپ کے ٹیکس کی بدولت ٹورانٹو کو رہنے کی بہترین جگہ بنانے اور ہر قسم کی ضروریات مہیا کرنے میں مدد ملتی ہے۔ ان ضروریات میں بچوں کی تعلیم، فائر بریگیڈ، کرائم اسٹاپ، اسٹورنٹ کا نظام، سیور و تفریح کے مقامات، سڑکوں کی تعمیر و مرمت اور دوسری خدمات جیسے پولیس، سماجی خدمات، چائیلڈ ویلفیئر اور ایمبولینس وغیرہ شامل ہیں۔

G.H. Clarke
City Treasurer

وزرا بھی قیدیوں کو حتجاجی بیان پر دستخط کرنے پر برطرف کیا گیا تھا۔ ناصر چٹھہ

اسلام آباد ——— (پی پی آئی) وزیر اطلاعات ناصر چٹھہ [illegible]

صدر ضیاء الحق ستمبر میں امریکہ کا دورہ کریں گے

اسلام آباد ——— (خانہ وجماعت) صدر جنرل محمد ضیاء الحق آئندہ ستمبر کے آخر میں امریکہ کا دورہ کریں گے [illegible]

تعزیت

ایئر انڈیا کے ۲۳ جون کے افسوسناک حادثے کا شکار ہونے والوں میں مارکھم کے سید صادق صاحب کی اہلیہ عفرا صادق بھی شامل ہیں جو اپنے بچوں سے ملنے کے لیے حیدرآباد جا رہی تھیں۔ ادارہ "الہلال" صادق فیملی کے اس عظیم نقصان پر تعزیت کرتا ہے اور بارگاہ رب العزت میں دعاگو ہے کہ مرحومہ کو جنت نصیب ہو اور پسماندگان کو صبر عطا ہو۔ آمین ——— (ادارہ)

سرکاری اشتہارات کو سیاسی دباؤ کے لئے استعمال نہیں کیا جائیگا۔ ناصر چٹھہ

پریس اینڈ پبلیکیشنز آرڈیننس پریس کی آزادی میں حائل نہیں ہوگا

اسلام آباد ——— [illegible]

آزاد کشمیر سیاسی اور دفاعی لحاظ سے نازک علاقہ ہے، صدر ضیاء

اس کی ترقی کے لئے حکومت پاکستان بھرپور کوشش کرے گی، کشمیری عوام کو یقین دہانی

اسلام آباد ——— صدر و چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر جنرل ضیاء الحق [illegible]

نئی سیاسی پارٹی کی سربراہی پر صدر ضیاء اور پیر پگارا میں اختلاف

پیر پگارا وزیر اعظم جونیجو کو پارٹی کا سربراہ بنانے کے مخالف ہیں

راولپنڈی ——— [illegible]

اجازت ملتے ہی علاج کے لئے لندن چلا جاؤں گا۔ معراج محمد

ہو چینگ نے "پیام" کو انٹرویو دیتے ہوئے بتایا، ایک سال دس ماہ کی نظربندی کے بعد رہائی [illegible]

کراچی ——— [illegible]

سیاست میں جانا اب کوئی عزت کی بات نہیں۔ دلیپ کمار

بمبئی ——— معروف بھارتی اداکار دلیپ کمار نے کہا ہے کہ سیاست میں جانا اب کوئی عزت کی بات نہیں [illegible]

نازیہ اور زوہیب کے پروگراموں پر پابندی لگانے پر غور کیا جا رہا ہے۔ ناصر چٹھہ

اسلام آباد ——— [illegible]

MALVERN
PRINTING PRESS
(416) 291-1137

- BOOKS
- FLYERS
- CALENDARS
- BUSINESS CARDS
- BROCHURES
- INVOICES
- LETTERHEADS

FREE ESTIMATES
FAST SERVICE

311 Burrows Hall Blvd.
Scarborough, Ont. M1B 1H6

ہر قسم کی معیاری پرنٹنگ کے لئے

میلورن پرنٹنگ پریس کینیڈا

کا نام یاد رکھیے۔

LINDA
MOTEL
لنڈا موٹل

دنیا کے خوبصورت اور پرفضا مقام نیاگرا فال میں قیام و طعام کے لئے لنڈا موٹل کا نام یاد رکھیے

محمد رفیق

6000 MURRAY STREET
NIAGARA FALLS,
ONTARIO
L2G 2J8

Tel.: (416) 354-8209

- Air Conditioned
- Single & Family Units
- Low Rates
- Convenience
- Pick-up from Bus Terminal on request

Walking distance from the Falls

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ

[illegible]

الہلال

مسئلۂ رؤیت ہلال

ہمارے ایک دیرینہ کرم فرما کی بہن ۱۸ جون منگل کی شام پیرس کے لیے روانہ ہوئیں۔ فرانس میں اس روز کچھ مسلمانوں نے عید منائی تھی۔ وہ خاتون جب جمعرات کے دن پیرس پہنچیں تو وہاں کے مسلمان ابھی تک روزے سے تھے۔ اس شام ہلالِ عید نظر آیا تو انھوں نے وہاں کے مسلمانوں کے ساتھ جمعہ کے روز عید منائی۔

اس طرح عالمِ اسلام میں چار روز کے اختلاف سے عید منائی گئی۔ فرانس میں منگل، بدھ اور جمعرات کو نمازِ عید ہوئی۔ اس طرح ایک بار پھر اختتامِ ماہِ صیام کے پُرمسرت موقع پر عجیب طرح کی جگ ہنسائی رہی۔

کرۂ ارض پر سورج اور چاند کی گردش کی بنا پر رویتِ ہلال میں ایک روز کا اختلاف عین ممکن ہے۔ مگر دو، تین یا چار روز کے اختلاف کے کیا معنی؟ رمضان اور عید ہی کے معاملے میں اکثر مشاہدہ کیا گیا ہے کہ سعودی عرب، اس کی تقلید کرنے والے عرب ممالک، یورپ اور شمالی امریکہ کے سعودی ادارے مثلاً رابطۂ عالم اسلامی اور دارالفتاح وغیرہ سے منسلک مساجد اور عالم اسلام میں بسا اوقات دو اور تین روز کا اختلاف ہوتا ہے جیسے پاکستان میں ہر چند انفرادی اور سرکاری طور پر چاند دیکھنے کی مکمل کوشش کے باوجود سعودی عرب میں ایک شام نظر آنے والا چاند کہاں غائب ہو جاتا ہے جو ان کے ہاں کے صاف و شفاف مطلع میں لاکھوں متلاشی آنکھوں کو دوسری شام بھی نظر نہیں آتا؟ اس سال سعودی عرب میں عید منگل کے روز تھی جبکہ پاکستان میں عید جمعرات کو منائی گئی۔

ایک زمانہ تھا کہ لوگ چاند، ستاروں اور سورج کی جانچ سے نمازوں اور سحر و افطار کے اوقات معلوم کیا کرتے تھے۔ مگر ماضی قریب کی سائنسی ایجاد "گھڑی" نے ایسی سہولت پیدا کر دی کہ ہم آسمان کی جانب دیکھنے کی بجائے گھڑیوں کی سوئیوں پر مکمل اعتقاد کرنے لگے اور اس بارے میں ہمارے یقین کا یہ عالم ہے کہ ان اوقات کے متعلق کی گئی سائنسی تحقیق کو منٹوں تک درست تسلیم کرتے ہیں۔ اور وقت سے دو تین منٹ پہلے یا بعد میں ادا کیے ہوئے فرائض اور واجبات کو باطل تصور کرتے ہیں۔ یعنی اس معاملے میں ہم نے ماہرینِ فلکیات اور سائنس دانوں کو نبائے ہوئے آلے کو مذہبی رہنما تصور کر لیا ہے۔ اس طرح جب ہم نے "الہلال" میں رمضان شریف کے اوقاتِ نماز اور اوقاتِ سحر و افطار شائع کیے تو ان پر کسی نے اعتراض نہیں کیا۔ مگر رویتِ ہلال کے بارے میں ہماری سائنسی تحقیق پر کچھ قارئین نے برہمی دکھائی۔

گزشتہ شمارے کا اداریہ "عید کا چاند" لکھنے سے پہلے ہم نے نہ صرف حسبِ مقدور قرآن اور حدیث کا مطالعہ کیا بلکہ انشاریو، ہلالی لوڈ ریلم، رائیل سوسائٹی آف اسٹرانومرز اور مقامی اخبارات کے موسمیاتی سیکشن کے مدیروں سے تفصیلی گفتگو کی اور ان کے تجویز کردہ مضامین پڑھے۔ اس کے علاوہ امریکہ میں مقیم ایک مسلم ماہرِ فلکیات جناب عمر افضل سے رابطہ قائم کیا جنھوں نے رویتِ ہلال پر کئی مضامین لکھے ہیں، اور کئی سالوں سے ہر قمری مہینے کے اعداد و شمار کرتے چلے آ رہے ہیں۔ انھوں نے اپنے مراسلے میں تحریر کیا ہے کہ "۱۸ جون بروز منگل ہلالِ عید دنیا کے کسی بھی حصے میں نظر نہیں آ سکے گا۔ کیونکہ اس دن نئے چاند کی عمر ملیشیا میں صرف چھ گھنٹوں سے لے کر کیلیفورنیا میں ۱۵ گھنٹوں تک ہوگی (چاند اپنی پیدائش کے ۱۲ سے ۳۰ گھنٹوں کے بعد نظر آتا ہے)۔ مسلمانوں کی اکثریت انڈونیشیا سے مراکش تک شوال کا چاند ۱۹ جون بروز بدھ دیکھ سکے گی۔ لہٰذا عید الفطر ۲۰ جون کو ہوگی۔" چنانچہ یہی ہوا۔

۱۸ جون غروبِ آفتاب کے وقت ٹورانٹو میں مطلع صاف ہو چکا تھا۔ سعودی کیلنڈر کو ماننے والے تیس روزے پورے کر چکے تھے۔ لہٰذا چاند نظر نہ آنے کے باوجود عید کر لی گئی اور اس طرح وہ رمضان المبارک کے ایک روزے کی پابندی نہ کر سکے۔ حالانکہ حدیثِ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مطابق اگر تیس روزوں کے بعد مطلع صاف ہونے کے باوجود چاند نظر نہ آئے تو رمضان کے چاند کی شہادت باطل ہو جاتی ہے۔

اسلام دینِ فطرت ہے۔ اس کے احکام کی بجا آوری یورپ و امریکہ میں بسنے والوں اور ایشیا و افریقہ کے دور دراز دیہاتوں میں رہنے والوں پر ایک جیسی واجب ہے۔ اسلام اپنے احکام کی بجا آوری کے لیے سائنسی علوم کے استفادے سے منع نہیں کرتا۔ مگر اس کے لیے قرآن و سنت کے بنیادی تقاضوں کو مدِنظر رکھنا ضروری ہے۔ ماہرینِ فلکیات چاند کے ظاہر ہونے کی عین ممکنات سے آگاہ کر سکتے ہیں مگر ان کا مشاہدہ آپ کا کام ہے۔ اہلِ اسلام اور شہادتوں کی جانچ بھی اللہ کی طرف سے آپ پر فرض ہے۔

اب تک رویتِ ہلال کے سعودی اعلانات و مشورہ بہ اگر دہ کئی مرتبہ غلط ثابت ہو چکے ہیں۔ کیا رابطۂ عالم اسلامی اور دارالفتاح یا پھر خود ارضِ حجاز میں کوئی مردِ خدا ایسا نہیں ہے جو سعودی علماء اور ارباب کو ٹوکنے کا حق بجا کر عالمِ اسلام پر ایک عظیم احسان کرے؟

حقیقت نہیں بدل سکتی

اے نبیؐ! اگر اللہ کا فضل تم پر نہ ہوتا اور اس کی رحمت تمہارے شاملِ حال نہ ہوتی تو ان لوگوں میں سے ایک گروہ نے تو تمہیں غلط فہمی میں مبتلا کرنے کا فیصلہ کر ہی لیا تھا۔ حالانکہ درحقیقت وہ خود اپنے سوا کسی کو غلط فہمی میں مبتلا نہیں کر رہے تھے اور تمہارا کوئی نقصان نہ کر سکتے تھے۔ اللہ نے تم پر کتاب اور حکمت نازل کی ہے اور تم کو وہ کچھ بتایا ہے جو تمہیں معلوم نہ تھا اور اس کا فضل تم پر بہت ہے۔ (سورۃ النساء - ۱۱۳)

اسلام کی بنیادیں

حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسلام کی بنیاد پانچ ستونوں پر رکھی گئی ہے۔ ایک اس حقیقت کی شہادت دینا کہ اللہ کے سوا کوئی الٰہ نہیں اور محمد اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ دوسرے نماز قائم کرنا، تیسرے زکوٰۃ دینا، چوتھے حج کرنا، پانچویں رمضان کے روزے رکھنا۔ (بخاری و مسلم)

حضرت علیؓ نے فرمایا

- حلم یہ ہے کہ اگر تم پر کوئی ظلم کرے تو تم اسے معاف کر دو۔
- کوئی تعلقات توڑے تو تم جوڑ دو۔
- کوئی تمہیں محروم کرے تو تم اسے نواز دو۔
- طاقتِ انتقام ہو تو عفو و درگزر سے کام لیجیے۔
- غصّہ کا سامنا کرے تو سوچو کہ اس کی طاقت بڑی ہے یا تمہارا حلم۔
- اور غصّے میں ایسی بات نہ کرو کہ بعد میں تم کو ندامت ہو۔ (حضرت علیؓ)

ماخوذ: [illegible]

قرآن کے ساتھ

جو سلوک ہمارے مسلمان بھائی اللہ کی پاک کتاب کے ساتھ کرتے ہیں وہ اس قدر مضحکہ خیز ہے کہ اگر یہ لوگ کسی دوسرے معاملے میں کسی شخص کو ایسی حرکتیں دیکھیں تو اس کی ہنسی اڑائیں، بلکہ اس کو پاگل قرار دیں۔ بتائیے اگر کوئی شخص حکیم سے نسخہ لکھوا کر لائے اور اسے کپڑے میں لپیٹ کر گلے میں باندھ لے یا اسے پانی میں گھول کر پی جائے تو آپ اسے کیا کہیں گے؟ کیا آپ کو اس پر ہنسی نہ آئے گی؟ اور آپ اسے بیوقوف نہ کہیں گے؟ مگر سب سے بڑے حکیم (اللہ تعالیٰ) نے آپ کے امراض کے لیے شفا اور رحمت کا جو بے نظیر نسخہ (قرآن پاک) لکھ کر دیا ہے اس کے ساتھ آپ کی آنکھوں کے سامنے دن رات یہی سلوک ہو رہا ہے اور کسی کو اس پر ہنسی نہیں آتی۔ کوئی نہیں سوچتا کہ نسخے تو پڑھنے اور سمجھنے کی چیز ہوتی ہے اور اس لیے ہوتا ہے کہ اس کی ہدایت کے مطابق دوا استعمال کی جائے۔

(سید مودودیؒ کی تحریر سے اقتباس)

[illegible]

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مصنوعی بھوک

سید انوار احمد بلگرامی

بیسویں صدی میں گرسنگی کو انسان اور انسانیت کا بنیادی مسئلہ گردانا گیا ہے۔ بھوک جیسے اضطراب کے حل مسائل کا تو دو مرکزیں تو اس کا حل ہی جملہ انسانی پریشانیوں اور مصائب سے چھٹکارا پانے کا وسیلہ سمجھا گیا۔ یعنی بھوک اگر مٹ جائے اور سب شکم سیر ہو کر راحت کرسی سے لیٹیں تو دنیا میں سکھ اور چین کا دور دورہ ہو جائے۔ جب یہ فلسفہ سر چڑھ گیا تو موجودہ تہذیب کے فلسفی بھوک سے مٹانے کے طریقے سوچنے پر لگ گئے اور اس کی تدبیریں کرنے لگے۔ اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے پورے انسانی تاریخ کو کھنگال کر کہا گیا کہ قوموں کا عروج و زوال ان ہی معاشی اسباب سے وابستہ ہے۔ اور آخر کار جدلیت کا نظریہ اپنی تسلی اور تشفی کے لیے اختراع کیا گیا جسے تاریخی HISTORICAL DETERMINISM سے بیان کیا گیا اور جبر تاریخ انسان کے لیے زنداں کی حیثیت رکھتا ہے اور انسان اس سے آزاد نہیں ہو سکتا ہے کیونکہ اس سے انسان کو مفر نہیں ہے۔

یہ بھوک مصنوعی ہے جو استحصال کی ایجاد ہے خواہ وہ قدیم استحصال ہو یا جدید دور کا استحصال۔ [illegible]

[illegible]

تقلید

علامہ اقبالؒ

جو عالمِ ایجاد میں ہے صاحبِ ایجاد
ہر دور میں کرتا ہے طواف اس کا زمانہ
تقلید سے ناکارہ نہ کر اپنی خودی کو
کر اس کی حفاظت کہ یہ گوہر ہے یگانہ

ادبیات

وہ دن گئے جب ادیب رجحان سازی کرتے تھے

اب زمانہ سازی یا کتاب سازی کرتے ہیں

جو ردّ عمل کی شاعری پر لکھنے کا حق اگرچہ نظیر صدیقی کا ہے لیکن ہمیں بھی کچھ کام کا پیٹ بھرنا ہے۔ اس لئے نظیر صدیقی کی تحریر کی سیر کرتے ہیں کوئی مضائقہ نہیں آخر وہ بھی تو ہمارے معاملات میں دخل دیتے رہتے ہیں۔

[illegible]

سخن در سخن

[illegible]

۲۴ جون ۱۹۸۵ء سے کینیڈا کی شرح ڈاک میں تبدیلی

Your Canada Post Rate Guide

Effective June 24th, 1985

1st CLASS LETTER	up to 30 grams	30-50 grams	50-100 grams
Within Canada	34¢	51¢	68¢
To the U.S.A.	39¢	56¢	85¢
	up to 20 grams	20-50 grams	50-100 grams
International	68¢	$1.05	$1.65

[illegible]

Special Delivery

اسپیشل ڈلیوری کے خطوط کی شرح 1.96 $ علاوہ فرسٹ کلاس شرح ڈاک کے۔ یہ سب سے تیز ذریعہ ہے جو ہفتہ کے سات دن چلتا ہے۔ اسے پوسٹ آفس جا کر دینا ضروری ہے۔

Registered Mail

رجسٹرڈ خطوط کی شرح 2.46 $ علاوہ فرسٹ کلاس شرح ڈاک کے۔ [illegible] ڈاک خانے جا کر دینا ضروری ہے۔

اپنی ڈاک میں کینیڈا پوسٹ آفس کی گائیڈ پر نظر رکھیئے۔ جو آپ کو عنقریب ملے گی۔ اس میں ڈاک کی شرح اور دوسری خدمات کی تفصیل ملے گی جو آپ کی روزآنہ ضروریات [illegible]

1st Class Parcel

فرسٹ کلاس پارسل کی شرح 7.32 $ دو کیلو گرام کے لیے ہے۔ [illegible]

Parcel Post

پارسل پوسٹ کی شرح دو کیلو گرام کے پارسل کے لیے 2.84 $ ہے۔ [illegible]

CANADA POST CORPORATION

ادب و ثقافت

عید پر اختلافات مٹانے کا فارمولا معلوم کر لیا گیا

اقبال یونس خان (ٹورانٹو)

دُنیا کے ایک مشہور ریسرچ اسکالر نے عالم اسلام کے ایک بڑے مسئلے کو حل کرنے کا ایک فارمولا معلوم کر لیا ہے جس کی مدد سے توقع کی جاتی ہے کہ آئندہ نسلیں صرف ایک عید منایا کریں گی۔

عالم اسلام میں یہ ایک بڑا مسئلہ ہے کہ کیسے ایک دن عید منائی جائے۔ دو عیدیں تو عام ہیں اور اکثر تین عیدیں بھی ہو جاتی ہیں جس کی وجہ سے ماحول ہمواراور نہیں رہتا۔ پہلے دن عید منانے والے دوسرے دن کی عید منانے والوں کو غلط ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں، اور دوسرے دن والے تیسرے دن عید منانے والوں کو غلط ٹھیراتے ہیں۔ پہلے دن کی عید منانے والا کسی دور دراز جگہ کا نام لے گا کہ وہاں کسی نے چاند دیکھا اور دوسرا اگر چپ ہے گا کہ رات بارہ بجے انھیں فون آیا کہ سعودی عربیہ میں چاند دیکھا گیا ہے اس لیے کل عید ہوگی۔ لیکن تیسرے دن عید منانے والے یہ کہتے سنے جاتے ہیں کہ اگر سعودی عربیہ میں چاند نظر آیا بھی تو کیا جبکہ شمالی امریکہ میں ہلال کا نمودار ہونا ضروری ہے۔

اس تمام چپقلش کے بعد ایک دوسرے کو غلط ثابت کرنے کے لیے کشتیاں لڑی جاتی ہیں۔ اب نتیجہ یہ کہ پندرہ سترہ گھنٹے کے ۲۸ روزے رکھنے کے بعد ہمیں تو کسی بھی بہانے جلد سے جلد عید منانے کی فکر ہے۔ اب اگر ہمارے کالونی کے بڑے ڈیڑھ گز لمبی داڑھی والے مولانا صاحب کہیں کہ ہاں فلاں جگہ سے چاند دیکھنے کی رپورٹ آئی ہے تو کیوں نہ ہم اس داڑھی کو گلے سے لگالیں (پیار کرنے کی بات ہم سے نہ کیجیے گا) اور ان کے کہنے پر کیوں نہ ۲۹ ویں دن کی عید منالیں!

دوسرا گروہ کہتا ہے کہ والیانِ خانۂ کعبہ جھوٹ نہیں بول سکتے۔ اللہ تعالیٰ اس پاک مقدس مقام کو ہرگز ایسے لوگوں کے ہاتھوں میں نہیں چھوڑے گا جو جھوٹے اور بے ایمان ہوں۔ ایک مسلمان کو دوسرے مسلمان پر بلاوجہ شبہ کرنا جائز نہیں۔ ویسے سعودی گورنمنٹ مساجد میں مساجد کے ڈائریکٹروں کو پورا حق ہے کہ ایسے عالموں پر شبہ کریں اور ان کو ان مساجد میں قدم لینے کی اجازت نہ دیں جو سعودی بادشاہت کو غیر اسلامی سمجھتے ہوں۔ یہ عالم یہ بھول جاتے ہیں کہ بادشاہت میں فرق ہوا کرتا ہے۔ سعودی عربیہ کے بادشاہ حاجیوں کو مراعات پہنچانے اور ان کے آرام و آسائش میں کسی بات کی کسر اٹھا نہیں رکھتے۔ سنگ میں چھوڑ کر غسل کرنے اور ملبوث ہونے پر بڑے بڑے جدید حاجیوں کی قبروں کو کھود کر پھینکنے میں کوئی جھجک نہیں محسوس کرتے۔ جب کہ مسلم عوام سے محبت ہو وہ حضور والا یا حضرت سلمان فارسی کے کھجور کے درختوں کی پرواہ کیسے کر سکتے ہیں!

اب جبکہ یہ ثابت کر دیا گیا ہے کہ سعودی عربیہ کے حکمرانوں کے دل میں اسلام کے لیے اتنی بھی اور اتنی چوڑی جگہ (فٹبال کے میدان سے بھی بڑی) موجود ہے تو ان کی مخالفت غلط ہے۔ اسلیے ان مساجد میں جن کو جیسے یہ اللہ سے محبت کرنے والا مسلمان بادشاہ چلاتا ہے کیسے اس بات کی اجازت دی جائے کہ ایسے گمراہ لوگوں کو مساجد میں بولنے دیا جائے جو سعودی آمریت کو برا سمجھتے ہوں! ان مساجد میں ہم دنیا کے تمام عالموں کو آنے دیتے ہیں جن کے تعلقات سعودی عرب کی سلطنت سے اچھے ہیں۔ مثال کے طور پر چند مصری عالموں کو لیجیے یا جماعت اسلامی ہند اور پاکستان کے عالموں کو لے لیجیے۔ ہم نے کبھی ان کو روکا ہو تو بتائیے۔

اسلام اتحاد پر زور دیتا ہے۔ جس طرح سے دنیا کے کسی بھی گوشے اور کسی بھی صدی کے قرآن کو دوسری جگہ کے قرآن سے ملائیے تو کوئی فرق نہیں ملے گا۔ اسی طرح دنیا کا ہر مسلمان ایک ہی سمت میں سجدہ کرتا ہے، کم و بیش ایک ہی انداز میں نماز ادا کرتا ہے، ختمِ نبوت پر ایمان رکھتا ہے اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو آخری نبی مانتا ہے۔ اسی اتحاد کو برقرار رکھنے کے لیے دنیا کے مشہور ریسرچ اسکالر ڈاکٹر نقیۃ نور نے فرمایا کہ عید کے مسئلہ کو حل کرنا بہت ضروری ہے۔ "اصلاح" کو ایک خاص انٹرویو دیتے ہوئے ڈاکٹر نقیۃ نور نے فرمایا کہ گذشتہ دس سالوں کی ریسرچ اور مغز ماری کے بعد انھوں نے اس گتھی کو سلجھانے کے لیے ایک نہایت ہی آسان سا فارمولا تلاش کر لیا ہے۔ ڈاکٹر موصوف نے اپنی بائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی کو سیدھے نتھنے میں گھسیڑتے ہوئے اور فرش پر نظریں گاڑ کر کہا کہ "دیکھیے آپ پر حیرت ہے کہ گذشتہ دس سالوں میں ان کے اپنے ذہن میں یہ آسان سا فارمولا پہلے کیوں نہ آیا!"

قدرے بے صبری کا مظاہرہ کرتے ہوئے ہم نے ڈاکٹر نقیۃ نور سے پوچھا "تو جناب یہ وہ فارمولا کیا ہے؟"

ڈاکٹروں، پروفیسروں اور عالموں کے ساتھ مصیبت یہ ہے کہ وہ سیدھے سے سوال کا سیدھا سا جواب جھٹ سے نہیں دیتے۔ اس معاملے میں تو یہ مجھے بہت پسند آتے ہیں۔ ان فوجی افسران سے اگر سوال کیجیے کہ تمھارا آقا کون ہے؟ تو جھٹ سے چھوٹا سا جواب ملے گا "جنرل ضیاء" اور جنرل ضیاء کا آقا کون؟ "شاہ فہد" اور شاہ فہد کا آقا کون؟ "امریکی صدر"۔

بہرحال میرے سیدھے سے سوال پر کہ عید کا نیا فارمولا کیا ہے، ڈاکٹر نقیۃ نور نے لمبا سا جواب دیا۔ "دیکھیے! بات یہ ہے کہ اسلام مسلمانوں پر دس کی لحاظ سے زیادہ بار نہیں ڈالتا۔ دست کے کا نعرہ میرا اتنا چاند نظر آ گیا ہے جتنا کر وہ اُسے آسانی سے اٹھا سکیں۔ اسلام کے قوانین صرف چودہ سو سال کے حالات کے لیے نہیں بلکہ رہتی دنیا تک قائم رہنے والے ہیں۔"

کرسی پر پہلو بدل کر انھوں نے ٹانگ پر ٹانگ رکھی اور حلق کو انتہائی کرخت آواز میں صاف کرتے ہوئے فرمایا "اگر آپ نے غور کیا ہوگا تو نوٹ کیا ہوگا کہ مسلمانوں کے دو اہم تہوار یعنی عید الفطر اور عید الاضحیٰ تین تین دن تک منائے جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر اُمت کا ایک حصہ تبلیغی جماعت کے ایما پر ایک دن عید مناتا ہے۔ دوسرے دن شمالی امریکہ کی مساجد کے آقا سعودی عرب کے حکم پر عید منائی جاتی ہے اور تیسری عید وہ سرپھرے مناتے ہیں جو اس بیسویں صدی میں بھی شریعت کے اُصولوں پر سختی سے عمل کرنا چاہتے ہیں۔ اب اگر ہر گروہ اپنی اپنی مرضی کی عید منالے تو کیا فرق پڑے گا؟ ہر ایک اپنی جگہ خوش رہے گا۔ عیدگاہ میں اژدھام بھی کم ہوگا۔ دوکاندار اپنی جگہ الگ خوش رہیں گے۔ سینما ہال تین دن تک بھرے رہیں گے۔ ہر روز نقیبوں کی چاندی ہوگی۔ مولوی کی اہمیت بڑھ جائے گی جو اس کی روحانی مسرت کا باعث ہوگی۔ جب ہر گروہ مطمئن ہوگا تو ماحول خوشگوار رہے گا اور برادرانہ تعلقات بڑھانے میں مدد ملے گی۔"

پھر ڈاکٹر صاحب نے سیدھے ہاتھ کی ہتھیلی پر نسوار ملتے ہوئے کہا "مجھے اُمید ہے کہ آئندہ سالوں میں مسلمان تینوں دن کی عیدیں بڑی شان و شوکت سے منائیں گے اور ایک دوسرے کو غلط ثابت کرنے میں خون کھولانا بند کر دیں گے۔"

یہ فارمولا مجھے بھی پسند آیا۔ خصوصاً اسلیے کہ اس طرح تینوں دن عیدی ملے گی!

اے وائے برحرف ہنر

افتخار عارف

سورج سوا نیزے پہ اور نیزہ مرے سینے کے پار
اور ہر طرف زندہ لہو کی آگ میں جلتے ہوئے جلتے ہوئے لفظوں کے بیچ
اک نسخۂ ہجر و دو نیم
اور اک بھانک چیخ، پھر اک بین، پھر اک قہقہہ
پھر اک آوازِ فغاں
اے وائے بر ہیبر دو نیم
اے وائے بر ہیبر دو نیم
اے خالقِ آہنگ و رنگ و نغمۂ و صوت و صدا
تیرے مغنی تیرے صورت گر، ترے حرف آشنا
لوح ابد پر اپنی سرفرازی ثبت کرنے کے جنوں میں سرنگوں
خوار و زبوں، بے آسرا، بے دست و پا
اے مالکِ آہنگ و رنگ و نغمہ یہ تیری جزا بھی خوب ہے
یہ منصبِ کارِ امانت کا صلہ بھی خوب ہے
اک شاعرِ وارفتہ کے شوقِ فراواں کی سزا بھی خوب ہے

تازہ بہ تازہ

"نیا دور" شائع ہو گیا

اردو کے ممتاز ادبی سہ ماہی "نیا دور" کراچی کا شمارہ ... شائع ہو گیا ہے جس میں حسبِ سابق پایہ کے مضامین اور منتخب نظمیں، غزلیں، منظومات، افسانے کے علاوہ جدید عالمی ادب کے حصے میں پائی سینٹ جان پرس اور انگریزی نظموں کے تراجم شامل ہیں۔ "نیا دور" کے مدیر جمیل الدین عالی مرحوم کے خطوط بھی ایک گوشے میں شامل ہیں۔ اس شمارے کے خاص لکھنے والوں میں ڈاکٹر فرحت حسین، ابوالفضل صدیقی، ڈاکٹر جمیل جالبی، سلیم احمد، شمیم احمد، ڈاکٹر جمیل جالبی اور قرۃ العین حیدر وغیرہ کے نام قابلِ ذکر ہیں۔ چار سو سے زیادہ صفحات پر مشتمل اس رسالے کی قیمت چالیس روپے ہے۔

اکادمی ادبی انعامات کا اعلان

اکادمی ادبیات پاکستان کی طرف سے اکادمی ادبی انعامات ۱۹۹۳ء کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ انعامات پانے والے مصنفین کے نام اور ان کی کتابوں کے عنوانات درج ذیل ہیں:

اردو نظم: علامہ ڈاکٹر محمد اقبال ایوارڈ	۱۰۰۰۰/- روپے	اکائی از سلیم احمد (مرحوم)
اردو نثر: بابائے اردو ڈاکٹر مولوی عبدالحق ایوارڈ	۱۰۰۰۰/- روپے	دنیا کا قدیم ترین ادب از ...
پنجابی: وارث شاہ ایوارڈ	۱۰۰۰۰/- روپے	... از سلیم کاشر
سندھی: شاہ عبداللطیف بھٹائی ایوارڈ	۱۰۰۰۰/- روپے	...
پشتو: خوشحال خان خٹک ایوارڈ	۱۰۰۰۰/- روپے	کاروانِ حضرتہ از ...
سرائیکی: خواجہ فرید ایوارڈ	۱۰۰۰۰/- روپے	... از ...
بلوچی: ست توکلی ایوارڈ	۱۰۰۰۰/- روپے	... از بشیر احمد ...
انگریزی: ... ایوارڈ	۱۰۰۰۰/- روپے	... از ...

اکادمی کی طرف سے ۱۹۹۳ء کے ادبی انعامات کا اعلان تقریبِ جلد ہی منعقد ہوگی۔

افسردہ دل، افسردہ جاں

پاکستان سے خود ساختہ جلاوطنی کے بعد بھارت چلی جانے والی شاعرہ فہمیدہ ریاض ان دنوں دہلی میں ہیں اور وہیں کی ہو گئی ہیں۔ اس کا اظہار خود انھوں نے اپنی ایک تازہ نظم میں کیا ہے، جو "کتاب نما" (دہلی) کے تازہ شمارے میں شائع ہوئی ہے۔ اس کے چند شعر قارئین کی دلچسپی کے لیے ذیل میں نقل کیے جاتے ہیں۔

افسردہ دل افسردہ جاں
تربت ہی اک خالی مکاں
خاموشیوں کے بام و در

پرچھائیوں کے سائباں
گو روز و شب کیا ماہ و سال
اک دائرے میں سب رواں
پتا نہیں اک دن یہاں

شب بھر رہا خود سے کلام
ان حق ہو جاری مدام
بھولوں سدا اپنا نام
بھولوں کہیں اپنی زباں

میرا لیا دل ہی دیئے
میرا جہاں اپنا پتا
پچھلا جہاں اپنا نشاں

آواز دو اے دوستاں
آواز دو اے صاحباں
غربت ہی گزرے جاں سے گر
الزام ہو گا آپ پہ
کیا باعثِ تاخیر ہے
آئی جیسی کوئی خبر

آپ کے خطوط

مکرمی ایڈیٹر "الہلال" السلام علیکم

آپ کے اخبار کے مارچ کے شمارے میں شہاب فاروقی صاحب کا جو خط چھپا ہے اس سے اتفاق ہے۔ لیکن ان سے عرض یہ ہے کہ سود کا مسئلہ فرسودہ نہیں بلکہ شاید یہ ضروری ہے اور اس پر مزید بحث کی ضرورت ہوگی۔ قادیانیوں سے متعلق آپ کا اداریہ بجا اور وقت کی آواز تھا۔ ہر ایک کا اپنا مسلک اور دین ہے اور کسی دوسرے کو اس میں دخل کی اجازت نہیں جہاں تک ان کا تعلق ہے حکومت پاکستان کا فرض ہے کہ وہ احمدیوں کے جان و مال کی بھی اسی طرح حفاظت کرے جس طرح عیسائیوں، سکھوں، ہندوؤں اور پارسیوں وغیرہ کی ہوتی ہے۔ اپنے اداریہ میں جو عبارات آپ نے مرزا صاحب کی نقل کی ہیں انہیں میں نے تقریباً درست پایا ہے۔ تاہم احمدیوں کا تحفظ لازم ہے۔ وہی اداریے کے جواب میں آپ نے جو خط شائع کیے ہیں ان میں سے محمد حسین جان صاحب سے تقریباً اتفاق ہے۔ خلیل احمد کا جواب البتہ فرسودہ ہے۔ مرزا صاحب نے اگر جہاد سے منع نہیں کیا ہے تو اب لازم ہے کہ پاکستان میں جوان کے دین میں مداخلت ہو رہی ہے اس پر جہاد یا ہجرت کی جائے۔ عزیز احمد صاحب کے خط سے متفق ہوں۔ احمدیوں کا مسلمانوں کے ساتھ شادی بیاہ کرنا خلاف شریعت ہے۔ جبکہ اسلام میں اہل کتاب کے ساتھ شادی جائز ہے۔ حضرت صفیہ یہودی تھیں اور حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبیا کے معتقد نہیں تھیں۔ اور مرزا صاحب کی توضیحات کے مطابق تو اہل ہنود بھی اہل کتاب ہیں۔ نماز جنازہ میں شامل نہ ہونا اور دوسری رسومات سے قطع تعلق جمہور اسلام سے منافرت ہے اسلئے اگر جمہور اسلام انہیں اپنے دائرہ سے خارج کریں تو واجب ہے جبکہ احمدی حضرات خود جو اُن کے دستور کی پابندی نہیں کرتے ان کا اخراج از جماعت کر دیتے ہیں۔ مگر جب جمہور انکے ساتھ یہی برتاؤ کریں تو اعتراض کرتے ہیں۔

افغانستان کے بارے میں شہاب صاحب کا تجزیہ درست نہیں۔ یہ امریکی خبروں پر مبنی ہے۔ ضیاء صاحب کو کرمال صاحب سے گفت و شنید کر کے مسئلہ حل کرنا چاہیئے۔ آخر ضیاء صاحب کس کے تماشے ہیں اگر کرمال صاحب افغانستان میں رہیں گے تو امریکہ کو خوش کرنے کے لیے دیکھو کہ وہ روس کا دشمن ہے معاملے کو طول دے رہے ہیں۔

پاکستان کے بارے میں کرمال صاحب نے حالات کی صحیح تصویر پیش کی ہے۔ اگر مارشل لاء طول پکڑ گیا تو پاکستان کا قائم رہنا مشکل ہو جائیگا۔ افسوس ہے کہ میرے دیرینہ دوست ڈاکٹر مبشر حسن صاحب نے پھر بیان دیا ہے کہ عوامی حقوق کو بحال کیا جائے ورنہ پاکستان کی بربادی جاری رہے گی۔

والسلام۔ احقر

(خلیفہ) عبدالمنان

راجیو گاندھی کی سُنیئے!

"سکھ پاکستان میں خالصتان بنالیں • رنجیت سنگھ کا دار الخلافہ لاہور تھا"

"بھارت میں تو آزاد خالصتان کے قیام کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا"

پاکستان کو ملنے والا اسلحہ بھارت کے خلاف استعمال ہوگا

[illegible]

[illegible]

گجرات میں مسلم کش فسادات جاری ہیں

[illegible]

وفاقی کابینہ میں توسیع کا تیسرا راؤنڈ

[illegible]

مراد آباد میں انتہا پسند ہندوؤں نے مسجد پر حملہ کر دیا

مسجد کا لاؤڈ سپیکر اکھاڑ دیا، مسجد کے باہر سے گزرتے ایک شخص کو گولی ماردی

[illegible]

بھارتی فوج کے ساتھ تین جھڑپوں میں چار پاکستانی ہلاک

یہ جھڑپیں جمعہ اور ہفتہ کو امرتسر سے ۱۲ میل کے فاصلہ پر ہوئیں: بھارتی خبر رساں ایجنسی کا دعوے

[illegible]

پنجاب اسمبلی میں غلام مصطفیٰ کھر کی کھلم کھلا حمایت

سپیکر نے سردار احمد حمید دستی کی تحریک استحقاق خلاف ضابطہ قرار دے دی

[illegible]

مختصر اشتہارات

مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف 10 ڈالر ہے جس کی ادائیگی پیشگی ضروری ہے

مندرجہ ذیل رشتوں میں دلچسپی رکھنے والے اشتہار نمبر کے حوالے سے "الہلال" کی معرفت خط لکھیں۔ پتہ یہ ہے:

ADVERTISEMENT No......
C/O AL-HILAL
338 HOLLYBERRY TRAIL
NORTH YORK, ONT.
M2H 2P6

★ ★ ★

اشتہار نمبر (۲۵): ۲۵ سالہ شریف النفس سعودی عرب میں ۲۰ سال سے مقیم سنی مسلمان کے لیے نارتھ امریکن امیگرنٹ، سلیقہ شعار خاتون کا رشتہ مطلوب ہے۔

★

اشتہار نمبر (۲۶): انگلینڈ میں سکونت رکھنے والے، پنجابی گھرانے کے، تعلیمیافتہ اور شریف جوان صالح کے لیے نیک سیرت پڑھی لکھی، مسلمان لڑکی کا رشتہ مطلوب ہے

★ ★ ★

۲۹ سالہ انجینئر سنی مسلمان لڑکے کیلئے، جو ماہ جولائی میں ٹورانٹو میں رہیں گے، کینیڈا یا امریکہ کی امیگرنٹ، قبول صورت اور نیک سیرت لڑکی کا رشتہ درکار ہے۔ تفصیلات کیلئے فون کیجئے:
(416) 491-9428

★

کراچی سے انٹر کی ہوئی، ٹورانٹو کی گریڈ ۱۳ کی طالبہ، ۲۲ سالہ کینیڈین سیٹیزن، تعلق یو۔پی کے لیے پاکستانی پروفیشنل لڑکے کا رشتہ درکار ہے۔ لڑکی مشرقی گھرانے کی اور نماز کی پابند ہے۔ لڑکے کا بھی ان خصوصیات کا حامل ہونا ضروری ہے تصویر کے ساتھ جلد کوائف پتہ ذیل پر بھیجیئے:
C/O MR. S. A.
91 THORNCLIFFE PK. DR.
APT. # 1108
TORONTO, M4H 1L3

★

۱۹ سالہ کینیڈین سیٹیزن پاکستانی لڑکی کیلئے جو نرسنگ اسسٹنٹ ہے، تعلیم یافتہ بہر روزگار کینیڈا میں مقیم لڑکے کا رشتہ درکار ہے۔ مکمل کوائف کے ساتھ ذیل کے پتہ پر خط لکھئے:
MRS. N. S.
P. BOX 1305, STN. B
110 STEVENSON RD.
OSHAWA, ONT.
L1J 6P8

★

City of Toronto

کوڑا کرکٹ نہیں اٹھایا جائے گا

کینیڈا ڈے۔ یکم جولائی ۱۹۸۴ء

اس روز شہر میں کوڑا کرکٹ نہیں اٹھایا جائے گا۔ بلکہ اس کے دوسرے دن یعنی ۲ جولائی کو اٹھایا جائے گا۔

اور ۲ جولائی کا کچرا ۳ جولائی کو اٹھے گا۔ اخبار اور بڑی بڑی اشیاء ۳ جولائی کی بجائے ایک ہفتہ کے بعد ۱۰ جولائی کو اٹھائی جائیں گی

یاد دہانی: کانچ اور دھات کی بنی ہوئی بیکار اشیاء کو پھینکنے کے لیے ٹورانٹو میں ۱۶ ڈپو بنے ہوئے ہیں۔ مارچ کے مہینے میں ان جگہوں سے ۴۹ ٹن اخبار، ۷۵ ٹن کانچ اور ۱۹ ٹن دھات جمع کی گئی۔ مزید معلومات کے لیے فون کیجئے:
947-7742

R.M. Bremner
P. Eng., F.I.C.E.
Commissioner of
Public Works

کراچی کا اضطراب — خفیہ ہاتھ کی نشاندہی

ارشاد احمد حقانی

[illegible]

بیرون ملک مقیم بلوچ رہنما جب چاہیں وطن واپس آسکتے ہیں، جام میر غلام قادر

[illegible]

بھٹو نے بلوچستان میں فوجی کارروائی شہنشاہ ایران کے دباؤ کے تحت کی

[illegible]

اسرائیل نے مسجد اقصیٰ کی ناکہ بندی کر دی

مسلمانوں کو جمعۃ الوداع کی نماز سے روکنے کے لئے شہر میں فوج لگا دی گئی تھی

[illegible]

ontario place

IT'S A SUMMER CELEBRATION!

کینیڈا ڈے کی تقریبات میں ہمارے ساتھ شرکت کیجئے
ہم سب مل کر تمام ویک اینڈ جشن منائیں گے۔

A FREEDOM TO MOVE

FUTURE POD

Saturday, June 29, 5:00 & 9:00 p.m.
The Members Only "Happy Together" Tour 1985
featuring Legends in Concert,
The Turtles featuring **Flo & Eddie, The Grass Roots, The Buckinghams First National Tour in 15 years, Gary Lewis and The Playboys**
In association with 590/CKEY

Sunday, June 30, 3:00 & 8:30 p.m.
Gladys Knight and The Pips
In association with CKFM 99.9

Monday, July 1, 10:30 a.m.
The "But, I'm Just A Kid" Show
Presented by Children's Hour Productions

11:45 a.m.
Jim And Rosalie
In association with CHFI-FM 98

5:00 p.m. to 9:45 p.m.
CFGM 1320 Country Music Radio's Opry North
featuring **Carroll Baker**
plus very special guest stars
Ian Tyson, Albert Hall, Harold MacIntyre, C-Weed, David Thompson, Terry Carisse & The Opry North Band

(416) 965-7711

955 Lakeshore Blvd. West, Toronto, Ontario, Canada M6K 3B9
A Crown Corporation of the Government of Ontario
Ministry of Tourism & Recreation
Claude F. Bennett, Minister

Ontario yours to discover

INTERNATIONAL YOUTH YEAR 1985

GO For the fun of it — 630-3933 for info.

جیتی جاگتی زندگی —— ہمدرد کے قلم سے

حادثہ

تین سال پہلے میں ایک شخص سے محبت کرتی تھی اور وہ مجھ سے شادی کرنے کا خواہشمند تھا۔ مگر میں اس بارے میں فیصلہ نہیں کر پا رہی تھی۔ دراصل اس کی پہلی بیوی کا انتقال ہو چکا تھا اور اس کے دو بچے بھی تھے۔ ہم دونوں میں عمروں کا کافی فرق تھا۔

[illegible] ایک دن جب وہ مجھ سے ملنے آ رہا تھا تو اس کی گاڑی کا ایکسیڈنٹ ہو گیا اور وہ [illegible] یہ خبر مجھ پر بجلی کی طرح گری۔ میں کافی دن تک بہت مضطرب رہی۔ اب اس بات کو کافی عرصہ گزر چکا ہے لیکن میرے دل میں ایک احساس جرم ہے [illegible]

وہ مجھے بہت یاد آتا ہے۔ اس کے بچے پاکستان واپس دادی کے پاس چلے گئے ہیں۔ میرا جی چاہتا ہے کہ بچوں کو اپنے پاس رکھوں، ان کا خیال رکھوں، شاید اس طرح میرے دل کو سکون مل سکے۔

ن۔ک۔ انگلستان

میری عزیز بہن! سڑک کے حادثے تو کسی بھی وقت کسی کو بھی پیش آ سکتے ہیں۔ [illegible]

لیکن اب ان بچوں سے رابطہ قائم کرنا [illegible] اگر آپ ان کے کسی کام آ سکیں تو یہ دوسری بات ہوگی۔

[illegible]

بلش کی عادت

[illegible]

چھوٹے بنا

[illegible]

۱۴ سال بعد

[illegible]

خطرے کی تلوار

[illegible]

شگوفے

[illegible]

New Store In SCARBOROUGH

3258 Lawrance Ave. East
(One block East of McCowan)

تازہ حلال گوشت۔ تازہ حلال مرغیاں

ہر قسم کی اعلیٰ گروسری۔ تازہ سبزیاں

SPICE TOWN

2210 Dundas Street West
(Near Jami Mosque)
Phone: (416) 532-8267

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

FOR ALL YOUR PRESCRIPTION NEEDS

THREE LOCATIONS TO SERVE OUR MUSLIM BROTHERS & SISTERS FOR

- Prescriptions (We accept all drug plans)
- Health and Beauty Aids
- Greeting Cards
- Film processing

PROPRIETOR: Asif Khan

STRADER'S DRUG MART
1160 Danforth Ave.
Tel: 465-5937

PEOPLES DRUG MART
3447 Kennedy Rd. (S. of Steeles)
Tel: 299-6418

HUNTINGDALE DRUG MART
3065 Pharmacy Avenue
(Just North of Finch Ave.)
Tel: 491-3011

ISLAMIC CIRCLE OF NORTH AMERICA

10TH ANNUAL CONVENTION

THEME
"TOWARDS BUILDING AN ISLAMIC PERSONALITY"

JULY 5-7,1985

The 10th annual Convention of the Islamic Circle of North America (ICNA) will be held from July 5-7, 1985 at Erindale College, Mississauga, Univ. of Toronto.

The theme is: Towards Building an Islamic Personality. For further information, phone:

(416) 292-3777 or
(416) 925-7002

جدہ۔ راولپنڈی۔ لاہور۔ لندن۔ بمبئی۔ دہلی۔ ڈھاکہ

حج، عمرہ کے لئے سپیشل انتظامات ہیں۔
ٹکٹ اور دوسری معلومات کے لئے

ہماری خدمات حاضر ہیں

M & J TRAVEL

1240 BAY STREET
TORONTO ONTARIO M5R 2A7
TEL. 960-8346 / 960-8475

آسام میں بنگلہ دیشی مسلمانوں کیخلاف تحریک تیز کردی گئی

Halal Beef, Lamb, Poultry & Groceries

تازہ حلال گوشت اور مرغیاں

ZABEEHA MEAT &
GROCERY STORE
1536 Warden Avenue
SCARBOROUGH
Tele: 445-1272

وہ تمام مسلمانوں کو متحد کرنا چاہتے تھے، جماعت اسلامی ہند کا خراج عقیدت

سود کی ہر سطح پر موجودگی اسلامی نقطہ نظر سے قابل اعتراض ہے، اسعد گیلانی

مجھے ملک و قوم کے ساتھ ساتھ پارٹی کا مفاد بھی عزیز ہے، مصطفیٰ جتوئی

CANADA DAY 85

ہمارے اور کرسٹیفر وارڈ کے ساتھ، جو کہ MUCH MUSIC ٹی-وی پروگرام کے ماسٹر آف سری مونی ہیں، کینیڈا ڈے کے افتتاحی پروگرام میں شرکت کیجئے۔ اس رنگا رنگ پروگرام میں انٹاریو کے وزیر اعلیٰ خوش آمدید کہیں گے اور شہریوں کو GOOD CITIZENSHIP AWARDS تقسیم ہوں گے۔ رائیل کینیڈین آرٹیلری کی ساتویں ٹورانٹو رجمنٹ ۲۱ توپوں کی سلامی پیش کرے گی اور تین ہزار غبارے ہوا میں چھوڑے جائیں گے۔

JOIN US!

یکم جولائی ۱۹۸۵ء کو دن کے ساڑھے گیارہ بجے سے لے کر تین بجے تک۔ پارلیمنٹ بلڈنگس، کوئینز پارک کے سامنے۔

The Human Robot
Whiskey Jack
Washboard Super Club
Jong Park Tae Kwon-Do
Fernandez Magic Spectacular
Youth Relays
Sphere Clown Band
Mime Artists
Pharazon Dance Company
Balloon Sculpturers
Circus Shmirkus
Magicians
Clown Make-up Artists
Ventures Drum and Bugle Corps

Ministry of Intergovernmental Affairs
Ontario

INTERNATIONAL YOUTH YEAR 1985
ANNÉE INTERNATIONALE DE LA JEUNESSE 1985

Fortnightly
al-hilal
50¢
Vol.14 No.7 June 25, 1985
Telephone: (416) 493-4374 474-9292
338 Hollyberry Trail, Willowdale, Ont. Canada M2H 2P6

احمد آباد میں ہندوؤں نے ۱۱ مسلمانوں کو زندہ جلا دیا

گجرات کے مسلم کش فسادات میں مزید ۲۰ افراد ہلاک

بلوائیوں پر پولیس کی فائرنگ؛ بڑودہ کے ۸ علاقوں میں کرفیو

بیرون ملک پاکستانی سفارتخانے کوئی کام نہیں کرتے: لیاقت بلوچ

ناراض جرنیلوں اور ناکام سیاستدانوں کو سفیر مقرر کیا جاتا ہے

صدر ضیا اپنا اختیار استعمال کر کے مارشل لاء ختم کرائیں اور سیاسی جماعتوں کی بحالی کا اعلان کریں

خواتین کھلاڑی سپورٹس کی پابندیوں کے ساتھ مقابلوں میں حصہ لے سکتی ہیں

بشریٰ رحمان

اسلام انتخابات کے ذریعے نہیں آسکتا: ڈاکٹر اسرار احمد

انتخابات کے ذریعے صحیح اسلامی مملکت تو حاصل ہو سکتی ہے لیکن اس کا قیام ممکن نہیں

ڈاکٹر اسرار احمد

مشرقی پاکستان کی علیحدگی میں پیپلز پارٹی کا ہاتھ نہیں تھا: اصغر خان

بھٹو پر الزام تراشی کا سلسلہ ولی خان اور دولتانہ نے شروع کیا: ہفت روزہ کو انٹرویو

پیش اماموں کے لئے مفت نقل و حرکت

بھٹو نے غریبوں کو دھوکہ دیا ہے

اسلام میں سیلکشن ہے الیکشن نہیں: نورانی

سندھ کی نہریں خشک ہو گئیں تو ہم اپنے خون سے وہاں کی زمین کو سیراب کریں گے: وزیر اعلیٰ نواز شریف

بعض عناصر اس مسئلہ سے سیاسی فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں۔ سندھ اور پنجاب کے عوام بھائی بھائی ہیں

منافرت پیدا کرنے کیلئے میرے بیان کو توڑ مروڑ کر پیش کیا گیا



قائد اعظم کے بارے میں فلم

رش پر نٹس پر اظہار عدم اطمینان

بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان
پندرہ روزہ
ٹورانٹو (کینیڈا)
الہلال
سالانہ زر خریداری (برائے الہلال) ۱۷ ڈالر
سالانہ زر خریداری (برائے کریسنٹ) ۳۰ ڈالر
سالانہ زر خریداری (برائے الہلال و کریسنٹ) ۳۵ ڈالر
Name ....
Address ....
....
....
Postal Code .... Telephone ....
زر خریداری کا چیک "کریسنٹ" کے نام لکھئے اور پتہ ذیل پر بھیجئے
338 Hollyberry Trail, Wilowdale, Ontario
Canada M2H 2P6 Ph: (416) 474-9292, 493-4374
اگر آپ اسلامی تحریک کا بین الاقوامی ترجمان "کریسنٹ" (انگریزی) بطور نمونہ حاصل کرنا چاہیں تو یہاں نشان لگا دیجئے

Managing Editor: M Lateef Owaisi